20/FI/CC/M-2023-31

**Booklet Series**

**Candidate's Roll Number**

| | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | |

**B**

Serial No. 21158

Question Booklet

# URDU LANGUAGE AND LITERATURE

**Time Allowed : 2 Hours**

**Maximum Marks : 100**

**Read the following instructions carefully before you begin to answer the questions.**

## IMPORTANT INSTRUCTIONS

1. This Question Booklet contains **100** questions in all.
2. **All** questions carry equal marks.
3. Attempt **all** questions.
4. **Immediately after commencement of the examination, you should check up your Question Booklet and ensure that the Question Booklet Series is printed on the top right-hand corner of the Booklet. Please check that the Booklet contains 19 printed pages including two pages (Page Nos. 18 and 19) for Rough Work and no page or question is missing or unprinted or torn or repeated. If you find any defect in this Booklet, get it replaced immediately by a complete Booklet of the same series.**
5. You must write your Roll Number in the space provided on the top of this page. Do not write anything else on the Question Booklet.
6. An Answer Sheet will be supplied to you along with Question Booklet to mark the answers. **You must write your Name, Roll Number, Question Booklet Series and other particulars in the space provided on Page-2 of the Answer Sheet provided, failing which your Answer Sheet will not be evaluated.**
7. You should encode your **Roll Number** and the **Question Booklet Series A, B, C or D** as it is printed on the top right-hand corner of the Question Booklet with Black/Blue ink ballpoint pen in the space provided on **Page-2** of your Answer Sheet. **If you do not encode or fail to encode the correct series of your Question Booklet, your Answer Sheet will not be evaluated correctly.**
8. Each question comprises of **four** responses—(A), (B), (C) and (D). You are to select ONLY ONE correct response and mark it in your Answer Sheet. In case you feel that there are more than one correct response, mark the response which you consider the best. In any case choose ONLY ONE response for each question. Your total marks will depend on the number of correct responses marked by you in the Answer Sheet.
9. In the Answer Sheet, there are **four** circles—Ⓐ, Ⓑ, Ⓒ and Ⓓ against each question. To answer the questions you are to mark with **Black/Blue ink ballpoint pen ONLY ONE circle** of your choice for each question. Select only one response for each question and mark it in your Answer Sheet. If you mark more than one circle for one question, the answer will be treated as wrong. **Use Black/Blue ink ballpoint pen only to mark the answer in the Answer Sheet. Any erasure or change is not allowed.**
10. You should not remove or tear off any sheet from the Question Booklet. You are not allowed to take this Question Booklet and the Answer Sheet out of the Examination Hall during the examination. **After the examination has concluded, you must hand over your Answer Sheet to the Invigilator.** Thereafter, you are permitted to take away the Question Booklet with you.
11. Failure to comply with any of the above instructions will render you liable to such action or penalty as the Commission may decide at their discretion.
12. Candidates must assure before leaving the Examination Hall that their Answer Sheets will be kept in Self Adhesive LDPE Bag and completely packed/sealed in their presence.

www.bpscpathshala.com

SEAL

1. غالب کی حیات میں دیوان غالب (اردو) کے کتنے اڈیشن شائع ہوئے؟

(A) دو

(B) تین

(C) چار

(D) پانچ

2. غالب نے سب سے زیادہ خطوط کس کے نام لکھے؟

(A) مرزا ہرگوپال تفتہ

(B) نواب کلب علی خاں

(C) مرزا حاتم علی مہر

(D) نواب یوسف علی خاں

3. غالب نے اپنے خطوط میں پیراگراف ختم ہونے پر ـــــ کا ہندسہ کثرت سے لکھا ہے۔

(A) 9

(B) 12

(C) 24

(D) 28

4. " متنی نقاد متن کے لئے اپنے عہد کی املا کا استعمال کرتا ہے یا اس املا کا جس میں مصنف نے متن لکھا تھا میں اس حق میں ہوں کہ متن کی املا جدید ہونی چاہئے"۔ یہ کس محقق کا خیال ہے؟

(A) رشید حسن خاں

(B) مالک رام

(C) خلیق انجم

(D) تنویر علوی

5. انارکلی کا مقبرہ کس شہر میں ہے؟

(A) آگرہ

(B) لاہور

(C) کراچی

(D) امرتسر

6. مرزا غالب کے ابتدائی کلام میں کس کا رنگ نظر آتا ہے؟

(A) بیدل

(B) امیر خسرو

(C) ولی

(D) مسعود سعد سلمان

www.bpscpathshala.com

7۔ ' خرد مند ' کس داستان یا کہانی کا کردار ہے؟

(A) باغ و بہار

(B) انارکلی

(C) فسانۂ عجائب

(D) فردوس بریں

8۔ ' ماہ نیم ماہ ' میں کس بادشاہ تک کی تاریخ رقم کی جانی تھی؟

(A) آفرینش سے ہمایوں تک

(B) اکبر سے بہادر شاہ ثانی تک

(C) ہمایوں سے اکبر تک

(D) اورنگ زیب سے بہادر شاہ ظفر تک

9۔ کون سا کردار ' انارکلی ' کا نہیں ہے؟

(A) بختیار

(B) ثریا

(C) آزاد

(D) مروارید

10۔ ' عود ہندی ' کیا ہے؟

(A) غالب کے اردو خطوط کا مجموعہ

(B) غالب کے فارسی خطوط کا مجموعہ

(C) غالب کی اردو شاعری کا مجموعہ

(D) غالب کی فارسی شاعری کا مجموعہ

11۔ '' اتنی بات ہر شخص جانتا ہے کہ ہماری اردو زبان برج سے نکلی ہے ''۔

یہ نظریہ کس کتاب میں پیش کیا گیا ہے؟

(A) مقدمۂ شعر و شاعری

(B) شعرالعجم

(C) آبِ حیات

(D) تاریخ داستان اردو

12۔ شاعری کے لئے تخیل ، کائنات کا مطالعہ اور تفحص الفاظ کی شرط کس نے لگائی ہے؟

(A) شبلی

(B) حالی

(C) کلیم الدین احمد

(D) رشید احمد صدیقی

www.bpscpathshala.com

13. شمالی ہند میں اردو کی سب سے پہلی نثری تصنیف کسے قرار دیا گیا ہے؟

(A) بکٹ کہانی

(B) رانی کیتکی کی کہانی

(C) خالق باری

(D) درج بالا میں سے کوئی درست نہیں

14. یہ کتاب پڑھی جاتی ہے اور پڑھائی جائے گی تو اپنی بے مثال نثر کے لئے، تنقیدی اصول اور نظریوں کے لئے نہیں۔ وہ نئی دنیا، نئی کائنات روشن نہیں کرتی اور نہ کرسکتی ہے۔ اس کا جادو ٹھنڈا ہو گیا ہے''۔ یہ کس کا قول ہے؟

(A) الطاف حسین حالی

(B) کلیم الدین احمد

(C) احتشام حسین

(D) آل احمد سرور

15. '' کب ٹھہرے گا درد اے دل کی کب رات بسر ہوگی ''۔

فیض کی یہ نظم ان کے کس مجموعے میں شامل ہے؟

(A) دست تہ سنگ

(B) نقش فریادی

(C) سروادی سینا

(D) شام شہریاراں

16. سید محمد حسینی گیسودراز کا تعلق کس دور سے ہے؟

(A) قطب شاہی دور

(B) بہمنی دور

(C) عادل شاہی دور

(D) محمد شاہی دور

17. مندرجہ ذیل میں سے کون سی کتاب کلیم الدین احمد کی نہیں ہے؟

(A) اردو شاعری پر ایک نظر

(B) اردو تنقید پر ایک نظر

(C) گفتنی ناگفتنی

(D) سخن ہائے گفتنی

18. اس صنف سخن کا نام کیا ہے جس میں تباہ کاریوں اور بربادیوں کا تذکرہ دردمندی کے ساتھ کیا جاتا ہے؟

(A) واسوخت

(B) شہر آشوب

(C) ہزل

(D) ریختی

www.bpscpathshala.com

19۔ قطب شاہی دور کا وہ کون سا حاکم تھا جس کا تعلق پہلے بہمنی دور سے تھا اور وہ تلنگانہ کا صوبہ دار بھی تھا؟

(A) محمد قطب شاہ

(B) قلی قطب شاہ

(C) ابراہیم قطب شاہ

(D) جمشید قلیچ

20۔ محمد حسین آزاد آب حیات میں کس شاعر کے بارے میں لکھتے ہیں ۔ ”گویا تلواروں کی آبداری نشتر میں بھر دیتے تھے“؟

(A) خواجہ میر درد

(B) میر تقی میر

(C) مرزا رفیع سودا

(D) میر سوز

21۔ ولی اورنگ آبادی کس کے دور حکومت میں دوسری بار دلی آئے تھے؟

(A) فرخ سیر

(B) محمد اعظم شاہ

(C) محمد شاہ رنگیلے

(D) اورنگ زیب

22۔ اردو زبان کا تعلق کس سلسلے سے ہے؟

(A) مغربی ہندی

(B) مشرقی ہندی

(C) پہاڑی

(D) پنجابی

23۔ ’حالی کا سیاسی شعور‘ کس کی کتاب ہے؟

(A) معین احسن جذبی

(B) رشید احمد صدیقی

(C) فراق گورکھپوری

(D) آل احمد سرور

24۔ کس عادل شاہی سلطان کو لفظ ’نورس‘ سے غیر معمولی دلچسپی تھی؟

(A) یوسف عادل شاہ

(B) ابراہیم عادل شاہ

(C) محمد عادل شاہ

(D) علی عادل شاہ

www.bpscopathshala.com

**25.** کس ادیب نے اردو زبان کے آغاز کا سہرا سندھ کے سر باندھا ہے؟

(A) ڈاکٹر سید محی الدین قادری زور

(B) محمود خاں شیرانی

(C) سید سلیمان ندوی

(D) مسعود حسین خاں

**26.** کس ماہر لسان نے سرزمین دہلی اور اس کے گرد و نواح کو اردو کی جائے پیدائش قرار دیا ہے؟

(A) گیان چند جین

(B) مسعود حسین خاں

(C) زور

(D) شوکت سبزواری

**27.** ماگدھی کا چلن کس علاقے میں تھا؟

(A) متھرا

(B) پنجاب

(C) کشمیر

(D) جنوبی بہار

**28.** مغربی ہندی کس کا دیا ہوا نام ہے؟

(A) گریرسن

(B) ہارنلے

(C) چٹرجی

(D) بھولا ناتھ تواری

**29.** جدید ماہرین لسانیات یہ تسلیم کرتے ہیں کہ مغربی ہندی ———— سے پیدا ہوئی۔

(A) شورسینی اپ بھرنش

(B) اپ ناگر اپ بھرنش

(C) ناگر اپ بھرنش

(D) اردو ماگدھی اپ بھرنش

**30.** ذیل میں کون سی آوازیں ہندی اور فارسی میں مشترک ہیں؟

(A) ت ، ٹ

(B) ر ، ڑ

(C) پ ، گ

(D) د ، ڈ

**31.** درج ذیل میں سے انفی مصمتوں کی نشاندہی کیجیے:

(A) م - ن

(B) ف - س

(C) ل - ر

(D) ن - پ

**32.** قدیم ہند آریائی زبانوں کا زمانہ ———— ہے۔

(A) 1500 ق۔م تا 1000 ق۔م

(B) 1500 ق۔م تا 500 ق۔ن

(C) 500 ق۔م تا آغاز سنہ عیسوی

(D) آغاز سنہ عیسوی تا 500ء

www.bpscpathshala.com

33. ذیل میں کون سا تذکرہ نواب ابراہیم خاں خلیل کا ہے؟

(A) گل عجائب

(B) مخزن نکات

(C) تذکرہ ریختہ گویاں

(D) گلزار ابراہیم

34. بقول اختر اورینوی " قدیم اردو کے ارتقا کی مرکب در مرکب قماش کو سمجھے کے لئے ——— کا مطالعہ بھی ضروری ہے۔

(A) ہریانی

(B) دکنی

(C) گجراتی

(D) پنجابی

www.bpscpathshala.com

35. ایک طاقتور دکنی کلچر کے بانی کی حیثیت سے کس کا نام تاریخ دکن میں نمایاں ہے؟

(A) احمد شاہ بہمنی

(B) محمد شاہ بہمنی

(C) فیروز شاہ بہمنی

(D) ہمایوں شاہ

36. ' میزبانی نامہ ' کس کی تخلیق ہے؟

(A) صنعتی

(B) ابن نشاطی

(C) حسن شوقی

(D) غواصی

37. دکنی کا پہلا صاحب دیوان ریختی گو کون ہے؟

(A) ہاشمی

(B) مرزا

(C) مقیمی

(D) نصرتی

38. دکن کے کس بادشاہ کو عوامی زندگی کا زبردست نمائندہ شاعر کہا جا سکتا ہے؟

(A) عبداللہ قطب شاہ

(B) ابراہیم عادل شاہ

(C) علی عادل شاہ ثانی شاہی

(D) محمد قلی قطب شاہ

39. اردو نثر کی تاریخ میں ——— کی اہمیت ان کی اولیت ہے۔

(A) برہان الدین جانم

(B) خواجہ بندہ نواز گیسودراز

(C) وجہی

(D) امین الدین علی اعلیٰ

40. کس کتاب کو مثالیہ قصے ، متصوفانہ معنویت اور رنگین اسلوب نے یادگار بنا دیا؟

(A) معراج العاشقین

(B) سب رس

(C) کلمۃ الحقائق

(D) کلمۃ الاسرار

**41.** کس نقاد نے غزل کو انتہاؤں کا ایک سلسلہ قرار دیا؟

(A) اختر انصاری

(B) مجنوں گورکھپوری

(C) نیاز فتحپوری

(D) فراق گورکھپوری

**42.** کس صنف سخن پر طبع آزمائی استادِ فن ہونے کے مترادف خیال کی جاتی ہے نیز اس بات کا خیال رکھا جاتا ہے کہ اس کا آخری مصرع پر زور ہو یعنی اس میں خیال کا ترفع پایا جائے؟

(A) قصیدہ

(B) سانٹ

(C) رباعی

(D) قطعہ

**43.** اختصار، غیر رسمی موضوعات، عدم تکمیل، تازگی اور شگفتہ انداز بیاں کس صنف کی اہم خصوصیات ہیں؟

(A) افسانہ

(B) انشائیہ

(C) خاکہ

(D) مضمون

**44.** ''باغ و بہار، حقیقتاً اردو کی زندہ نثر کا پہلا بڑا شاہکار ہے''۔ یہ خیال کس ادیب کا ہے؟

(A) سید محمد عبداللہ

(B) عبدالحق

(C) محمود خاں شیرانی

(D) گل کرائسٹ

**45.** ڈراما 'انارکلی' کتابی شکل میں کب منظر عام پر آیا؟

(A) 1922

(B) 1925

(C) 1930

(D) 1932

www.bpscpathshala.com

**46.** بملا زمانِ سلطاں کہ رساند ایں دعا را

کہ بشکر پادشاہی ز نظر مراں گدا را

ڈراما 'انارکلی' میں یہ غزل کون سناتا ہے؟

(A) انارکلی

(B) دلارام

(C) ستارہ

(D) زعفران

**47.** " محلسراؤں میں بے ساختہ ادائیں کم نصیبی کا نشان ہوا کرتی ہیں۔" یہ مکالمہ کون ادا کرتی / کرتا ہے؟

(A) انارکلی

(B) سلیم

(C) ماں

(D) دلارام

**48.** " خود چال چلو تو اس کے ساتھ دوسرے کی چال کا بھی خیال رکھا کرو"۔ یہ مکالمہ کون کس سے کہتا ہے؟

(A) اکبر، سلیم سے

(B) سلیم، دلارام سے

(C) دلارام، سلیم سے

(D) بختیار، سلیم سے

**49.** ڈراما ' انارکلی ' میں نقطہ عروج (climax) کس باب کے کس منظر میں آتا ہے؟

(A) دوسرے باب کے دوسرے منظر میں

(B) دوسرے باب کے تیسرے منظر میں

(C) دوسرے باب کے چوتھے منظر میں

(D) تیسرے باب کے پانچویں منظر میں

**50.** ڈراما ' انارکلی ' کا انتساب کس کے نام ہے؟

(A) عبدالمجید سالک

(B) ممتاز علی

(C) سید احمد شفیع

(D) حجاب اسمٰعیل

**51.** ہادی رسوا کا پہلا ناول کون سا ہے؟

(A) ذات شریف

(B) شریف زادہ

(C) افشائے راز

(D) امراؤ جان ادا

**52.** رسوا کو پی ایچ ڈی ڈگری کس یونیورسٹی نے ایوارڈ کی؟

(A) عثمانیہ

(B) امریکن

(C) لندن

(D) دہلی

www.bpscpathshala.com

53. کس نقاد کے نزدیک 'امراؤ جان ادا' کا موضوع لکھنؤ کا معاشرتی زوال ہے؟

(A) احسن فاروقی

(B) نورالحسن

(C) تمکین کاظمی

(D) خورشید الاسلام

54. "امراؤ جان ادا اور کس ناول میں شروع سے آخر تک بے شمار مماثلتیں اور مشابہتیں ملتی ہیں"؟

(A) شاہد رعنا

(B) افشائے راز

(C) شریف زادہ

(D) ذات شریف

www.bpscpathshala.com

55. درج ذیل میں 'غبار خاطر' کے بارے میں کون سا بیان درست ہے :

(A) ان خطوط میں مکتوب الیہ کی شخصیت ہر جگہ روشن ہے

(B) مکتوب نگار کی شخصیت پر ایک کرن بھی نہیں پڑتی

(C) ان خطوط کی حیثیت نجی اور شخصی نہیں ہے

(D) مکتوب نگاری کی شخصیت روشن نہیں ہے

56. مولانا حبیب الرحمٰن خاں علی گڑھ مسلم یونیورسٹی کے شعبۂ —— کے صدر تھے۔

(A) فلسفہ

(B) دینیات

(C) اردو

(D) عربی

57. 'غبار خاطر' کو سب سے پہلے کس نے مرتب کیا؟

(A) مالک رام

(B) عبدالرزاق ملیح آبادی

(C) محمد اجمل خاں

(D) قاضی عبدالغفار

58. مولانا آزاد کو قید و بند پہلا تجربہ کس سنہ میں پیش آیا؟

(A) 1916

(B) 1921

(C) 1931

(D) 1940

59. مولانا آزاد کا دوسرا پرکیف وقت ——— کا ہوتا ہے۔

(A) صبح

(B) دوپہر

(C) شام

(D) رات

60. 'غبار خاطر' کے خطوط کس جیل میں تحریر کیے گئے؟

(A) دہلی

(B) بمبئی

(C) الہ آباد

(D) احمد نگر

61. ' فائر انڈیا ' کا خالق کون ہے؟

(A) مشرف عالم ذوقی

(B) الیاس احمد گدی

(C) حسین الحق

(D) سید محمد اشرف

62. ——— اس نظم کو کہتے ہیں ، جس میں کسی دور کے مصائب یا کسی شہر پر نازل ہونے والی آفات کا ذکر ہو۔

(A) واسوخت

(B) ہجو

(C) شہر آشوب

(D) ماہیہ

63. کس کو گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازا گیا؟

(A) راجندر سنگھ بیدی

(B) قرۃ العین حیدر

(C) کرشن چندر

(D) سریندر پرکاش

64. درج ذیل میں ان محققین کی نشاندہی کیجیے جن کا شمار ماہرین غالبیات میں ہوتا ہے :

(A) امتیاز علی خاں عرشی اور قاضی عبدالودود

(B) زور اور خواجہ احمد فاروقی

(C) مسعود حسین رضوی اور زور

(D) عبدالقادر سروری اور گیان چند جین

www.bpscpathshala.com

**65.** کس داستان کا ترجمہ انگریزی ، فرانسیسی ، پرتگالی اور لاطینی زبانوں میں ہو چکا ہے؟

(A) سب رس

(B) کربل کتھا

(C) فسانۂ عجائب

(D) باغ و بہار

**66.** 'باغ و بہار' میں کون سا درویش اپنے قصے کا آغاز ان اشعار سے کرتا ہے؟

یہ سرگزشت میری ذرا کان دھر سنو

مجھ کو فلک نے کر دیا زیر و زبر سنو

جو کچھ کہ پیش آئی ہے شدت مرے تئیں

اس کا بیان کرتا ہوں تم سر بسر سنو

(A) پہلا درویش

(B) دوسرا درویش

(C) تیسرا درویش

(D) چوتھا درویش

**67.** کس نے خواجہ سگ پرست جوہری کا پتا لگایا؟

(A) شہزادی فرنگ

(B) شہزادی بصرہ

(C) روم کی وزیر زادی

(D) فقیر کی لڑکی

**68.** چوتھا درویش کس ملک کے بادشاہ کا لڑکا ہے؟

(A) عجم

(B) چین

(C) فارس

(D) روم

**69.** ان کا (میرؔ کا) کلام اسی ذوق و شوق سے پڑھا جائے گا جیسے —— کا کلام فارسی زبان میں۔

(A) حافظ

(B) خیام

(C) فردوسی

(D) سعدی

**70.** میر کہاں پیدا ہوئے؟

(A) اکبر آباد

(B) شاہجہان آباد

(C) لاہور

(D) عظیم آباد

www.bpscpathshala.com

**71.** بقول مولوی عبدالحق '' غالباً کسی شاعر کے کلام پر اس کی طبیعت اور ـــــ کا اس قدر اثر نہ پڑا ہوگا جتنا میر کے کلام میں نظر آتا ہے۔

(A) کردار

(B) شخصیت

(C) سیرت

(D) عادات

**72.** ـــــ اصناف نظم میں بہت مشکل ہے ، میر صاحب نے اسے خوب نبھایا ہے۔

(A) رباعی

(B) مثنوی

(C) مرثیہ

(D) قصیدہ

**73.** درج ذیل شعر مکمل کیجئے :

منعم کے پاس قاقم و سنجاب تھا تو کیا
اس ـــــ کی بھی رات کٹی جو کہ عور تھا

(A) شوخ

(B) شیخ

(C) فرد

(D) رند

**74.** درج ذیل شعر میں میر نے فارسی کے کس شاعر کے مضمون کو ادا کیا ہے؟

کہتے تو ہو یوں کہتے یوں کہتے جو وہ آتا
سب کہنے کی باتیں ہیں کچھ بھی نہ کہا جاتا

(A) نظامی

(B) سعدی

(C) امیر خسرو

(D) حافظ

**75.** 'واردات' میں کل کتنے افسانے ہیں؟

(A) 8

(B) 12

(C) 13

(D) 15

**76.** گجندر سنگھ کس افسانے کا کردار ہے؟

(A) سوانگ

(B) معصوم بچہ

(C) مالکن

(D) انصاف کی پولس

www.bpscpathshala.com

77. " واہ رے اندھیر میں نے درخت لگایا اور میں اس کا پتہ نہیں توڑ سکتی۔ میں نے گھر بنوایا میں ہی اس میں نہیں رہ سکتی۔ اگر یہی قانون ہے تو اس میں آگ لگ جائے "۔

درج بالا اقتباس کس افسانے کا ہے؟

(A) قاتل کی ماں

(B) شکوہ و شکایت

(C) شانتی

(D) بدنصیب ماں

78. کون سا افسانہ ' واردات ' میں شامل نہیں ہے؟

(A) معصوم بچہ

(B) منتر

(C) مفت کرم داشتن

(D) قاتل کی ماں

79. نواب رائے کے فرضی نام سے کس نے افسانے لکھے؟

(A) سدرشن

(B) بلونت سنگھ

(C) راجندر سنگھ بیدی

(D) پریم چند

80. جوش ملیح آبادی نے ' سیف و سبو ' میں کس عنوان کے تحت اپنے خیالات قلمبند کیے ہیں؟

(A) تاثرات

(B) انتخاب و انتقاد

(C) نگارخانہ

(D) آتش کدہ

81. ' سیف و سبو ' کی نظموں کو کتنے حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے؟

(A) سات

(B) آٹھ

(C) نو

(D) بارہ

82. کیا ہند کا زنداں کانپ رہا ہے گونج رہی ہیں تکبیریں
اکتائے ہیں شاید کچھ قیدی توڑ رہے ہیں زنجیریں

درج بالا شعر کس نظم کا ہے؟

(A) بغاوت

(B) شکست زنداں کا خواب

(C) نظام نو

(D) باغی انسان

www.bpscpathshala.com

83. درج ذیل شعر مکمل کیجیے :

؎ سمندر پہ چل اور الیاس بن جا
ہوا پہ اڑ اور ——— کر

(A) سلیمانیاں

(B) جولانیاں

(C) جہاں بانیاں

(D) سلطانیاں

84. جوش نے کس سرکاری رسالہ میں مدیر اعلی کی حیثیت سے کام کیا؟

(A) کلیم

(B) پرچم

(C) نیا دور

(D) آج کل

85. ؎ سب کہاں کچھ لالہ و گل میں نمایاں ہوگئیں
خاک میں کیا صورتیں ہوں گی کہ پنہاں ہوگئیں

اس شعر میں کون سی صنعت ہے؟

(A) حسن تعلیل

(B) ایہام

(C) مراعاۃ النظیر

(D) تجاہل عارفانہ

86. دل ہر قطرہ ہے ساز انا البحر

مصرع ثانی کی نشاندہی کیجیے :

(A) شکست قیمت دل کی صدا کیا

(B) شکیب خاطر عاشق بھلا کیا

(C) شہیدان نگاہ کا خوں بہا کیا

(D) ہم اس کے ہیں ہمارا پوچھنا کیا

87. " مرزا غالب کے ابتدائی کلام کو مہمل کہو بے معنی کہو یا اس کو اردو زباں کے دائرے سے خارج سمجھو لیکن اس میں شک نہیں کہ اس سے ان کی اوریجنلٹی اور غیر معمولی اپج کا خاطر خواہ سراغ ملتا ہے"۔

درج بالا رائے کس نقاد کی ہے؟

(A) سرور

(B) سید عبداللہ

(C) احتشام حسین

(D) حالی

88. غالب کا انتقال کب ہوا؟

(A) 1857

(B) 1869

(C) 1872

(D) 1877

www.bpscpathshala.com

**89.** 'دیوان غالب' کو کس نے الہامی کتاب قرار دیا؟

(A) آل احمد سرور

(B) مجنوں گورکھپوری

(C) عبدالرحمٰن بجنوری

(D) عبداللطیف

**90.** متاع لوح و قلم چھن گئی تو کیا غم ہے
که خون دل میں ڈبو لی ہیں انگلیاں میں نے
زباں پہ مہر لگی ہے تو کیا کہ رکھ دی ہے
ہر حلقۂ زنجیر میں زباں میں نے

درج بالا قطعہ فیض کے کس مجموعے میں ہے؟

(A) نقش فریادی

(B) دست صبا

(C) زنداں نامہ

(D) دست تہ سنگ

**91.** 'زنداں نامہ' کا سر آغاز کس نے تحریر کیا؟

(A) سردار جعفری

(B) سجاد ظہیر

(C) ن۔ م۔ راشد

(D) فیض احمد فیض

**92.** درج ذیل شعر فیض کی کس نظم کا ہے؟

اور بھی دکھ ہیں زمانے میں محبت کے سوا
راحتیں اور بھی ہیں وصل کی راحت کے سوا

(A) رقیب سے

(B) تنہائی

(C) سرود شبانہ

(D) مجھ سے پہلی سی محبت مرے محبوب نہ مانگ

**93.** فیض کے شعری مجموعوں کی درج ذیل میں سے صحیح زمانی ترتیب کی نشاندہی کیجیے :

(A) نقش فریادی ، دست صبا ، زنداں نامہ

(B) دست صبا ، زنداں نامہ ، سروادی سینا

(C) نقش فریادی ، مہ و سال آشنائی ، دست صبا

(D) دست تہ سنگ ، نقش فریادی ، دست صبا

**94.** نہ گئی تیری ——— نہ گئی
ہم تری آرزو بھی کھو بیٹھے

درج بالا شعر مکمل کیجیے :

(A) برہمی

(B) بے رخی

(C) بے کلی

(D) بدظنی

www.bpscpathshala.com

**95.** نظیر اکبر آبادی کے بعد جتنی مسلسل غزلیں یا قطعہ بند غزلیں ——— نے کہیں کسی اور شاعر نے نہیں کہی۔

(A) یاس عظیم آبادی

(B) شاد عظیم آبادی

(C) جوش ملیح آبادی

(D) اقبال

**96.** لحد میں کیوں نہ جاؤں منہ چھپائے
بھری ——— سے اٹھوایا گیا ہوں

درج بالا شعر مکمل کیجیے :

(A) مجلس

(B) دنیا

(C) محفل

(D) مسجد

**97.** کون سا مجموعہ شاد کی زندگی میں شائع ہوا؟

(A) بادۂ عرفاں

(B) کلام شاد

(C) زبور عرفاں

(D) لمحات شاد

**98.** شاد عظیم آبادی کو کس سنہ میں 'خان بہادر' کا خطاب ملا؟

(A) 1891

(B) 1893

(C) 1895

(D) 1905

**99.** شاد عظیم آبادی کا پورا نام کیا ہے؟

(A) محمد علی

(B) علی محمد

(C) سید علی محمد

(D) علی مرزا

www.bpscpathshala.com

**100.** کس محقق نے پہلی بار مکاتیب غالب کے خطوط کو تاریخ وار ترتیب دیا؟

(A) مولوی مہیش پرشاد

(B) مالک رام

(C) قاضی عبدالودود

(D) مولانا امتیاز علی خاں عرشی